روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 10 اگست 2009ء 18 شعبان 1430 ہجری 10 ظہور 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 180

سب سے آگے

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہم سب سے پیچھے آنے والے ہیں مگر قیامت کے دن سب سے آگے ہوں گے۔ ہاں اتنی بات ہے کہ ان کو ہم سے پہلے کتاب ملی۔

(صحیح بخاری کتاب الجمعة باب فرض الجمعه حدیث نمبر:827)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

انسان کی نیک نیتی تسلی پانے پر ثابت ہوتی ہے پس جبکہ بجز (دین) کے کسی مذہب میں تسلی نہیں مل سکتی تو نیک نیتی کا ثبوت کیا ہوا۔.........خدا نے اپنے رسول نبی کریم کی اتمام حجت میں کسر نہیں رکھی وہ ایک آفتاب کی طرح آیا اور ہر ایک پہلو سے اپنی روشنی ظاہر کی۔ پس جو شخص اس آفتابِ حقیقی سے مُنہ پھیرتا ہے اُس کی خیر نہیں ہم اُس کو نیک نیت نہیں کہہ سکتے۔ کیا جو شخص مجذوم ہے اور جذام نے اُس کے اعضاء کھالئے ہیں وہ کہہ سکتا ہے کہ میں مجذوم نہیں یا مجھے علاج کی حاجت نہیں اور اگر کہے تو کیا ہم اس کو نیک نیت کہہ سکتے ہیں۔ ماسواء اس کے اگر فرض کے طور پر کوئی ایسا شخص دنیا میں ہو کہ وہ باوجود پوری نیک نیتی اور ایسی پوری کوشش کے کہ جیسا کہ وہ دنیا کے حصول کے لئے کرتا ہے (دین) کی سچائی تک پہنچ نہیں سکا تو اس کا حساب خدا کے پاس ہے مگر ہم نے اپنی تمام عمر میں ایسا کوئی آدمی دیکھا نہیں اس لئے ہم اس بات کو قطعاً محال جانتے ہیں کہ کوئی شخص عقل اور انصاف کی رو سے کسی دوسرے مذہب کو (دین) پر ترجیح دے سکے۔ نادان اور جاہل لوگ نفس امارہ کی تعلیم سے ایک بات سیکھ لیتے ہیں کہ صرف توحید کافی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کی ضرورت نہیں۔ مگر یاد رہے کہ توحید کی ماں نبی ہی ہوتا ہے جس سے توحید پیدا ہوتی ہے اور خدا کے وجود کا اس سے پتہ لگتا ہے اور خدا تعالیٰ سے زیادہ اتمام حجت کو کون جانتا ہے اُس نے اپنے نبی کریم کی سچائی ثابت کرنے کے لئے زمین و آسمان کو نشانوں سے بھر دیا ہے.........خلاصہ کلام یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حجت تمام دنیا پر پوری ہو چکی ہے اور آپ کے انوار سورج سے زیادہ چمک رہے ہیں۔ پھر انکار کے ساتھ نیک نیتی کیونکر جمع ہو سکتی ہے اور جس شخص سے یہ بدعملی ظہور میں آئے کہ ایک کھلی سچائی کو رد کیا اُس کی نسبت ہم کیونکر کہہ سکتے ہیں کہ وہ نیک اعمال بجالاتا ہے۔ تیرہ سو برس سے یہ منادی ہو رہی ہے اور ہزار ہا اہل کرامات وخوارق اپنے اپنے زمانہ میں حجت پوری کر گئے ہیں۔ پس کیا اب تک حجت پوری نہیں ہوئی۔ آخر منکر کسی حد تک معذور ہونے کے لائق ہوتا ہے نہ کہ ہزار ہا معجزات اور خوارق اور خدا کے نشان دیکھ کر اور تعلیم کو عمدہ پاکر اور خالص توحید (دین) میں دیکھ کر پھر کہتا جائے کہ ابھی میری تسلی نہیں ہوئی۔

(حقيقة الوحی، روحانی خزائن جلد 22 ص 179-180-183)

مکرم رانا عطاء الکریم نون صاحب ملتان راہ مولیٰ میں قربان ہو گئے

احباب جماعت کو افسوس کے ساتھ یہ اطلاع دی جاتی ہے کہ شاہ رکن عالم ملتان کے ایک احمدی دوست مکرم رانا عطاء الکریم نون صاحب پر مورخہ 6 اگست 2009ء کو صبح سوا دس بجے تین مسلح افراد نے ان کے گھر میں ان پر فائر کئے جس کے نتیجہ میں آپ راہ مولیٰ میں قربان ہو گئے۔ آپ کی عمر 36 سال تھی۔

گزشتہ کچھ عرصہ سے مرحوم کے گھر کے اردگرد بعض مشکوک افراد کے آثار نظر آ رہے تھے۔ مورخہ 6 اگست کو صبح دس بجے مرحوم اپنے گھر سے قریب ہی دھوبی کی دکان پر چند منٹ کے لئے گئے اور بیٹھک کا دروازہ کھلا چھوڑ گئے۔ جہاں سے ان کی غیر موجودگی میں تین مسلح نوجوان حملہ آور گھر میں گھس آئے جو 20 سے 25 سال کی عمر کے تھے۔ انہوں نے گھر میں موجود اہل خانہ دو خواتین اور تین بچوں کو ایک کمرے میں بند کر دیا۔ مرحوم کی اہلیہ صاحبہ نے بتایا کہ میں نے انہیں کہا کہ جو کچھ گھر سے لینا ہے لے جاؤ تاہم انہوں نے کسی چیز کو ہاتھ نہیں لگایا اور مکرم عطاء الکریم صاحب کے گھر داخل ہوتے ہی ان پر فائرنگ کر دی۔ مرحوم کو تین گولیاں لگیں۔ ایک گردن، دوسری کنپٹی اور تیسری گولی کمر میں لگی۔ فائرنگ کے شور کی وجہ سے ایک غیر از جماعت نوجوان ہمسایہ نے حملہ آوروں کا تعاقب کیا تو اس کو بھی انہوں نے گولی ماردی جس کی وجہ سے وہ شدید زخمی ہو گیا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 7 اگست 2009ء کے خطبہ جمعہ میں فرمایا۔ ملتان میں ہمارے ایک نوجوان مکرم رانا عطاء الکریم نون صاحب کو تین مسلح نوجوانوں نے گھر میں گھس کر راہ مولیٰ میں قربان کر دیا۔ مرحوم موصی تھے اور جماعت سے بڑا اخلاص و وفا کا تعلق تھا۔ ان کی قربانی کا واقعہ بیان کرنے کے بعد حضور انور نے فرمایا آپ پڑھے لکھے تھے، کاروباری آدمی تھے۔ ایگریکلچر میں انہوں نے ماسٹر کی تعلیم حاصل کی ہوئی تھی۔ حضور انور نے نماز جمعہ کے بعد ان کی نماز جنازہ غائب پڑھائی۔

(باقی صفحہ 2 پر)

احمدی شعراء متوجہ ہوں۔ شادی کے گیت لکھیں

مجلس شوریٰ 2009ء کی ایک تجویز مندرجہ ذیل تھی:۔

احمدی شعراء شادی کے گیت لکھیں جو ہلکے پھلکے مزاح پر مشتمل ہوں نیز ایسے گیت بھی لکھیں جو لڑکی کے لئے نصائح پر مشتمل ہوں۔ بزرگان کی شادی کے موقع پر نصائح کو منظوم کیا جاسکتا ہے۔ دعائیہ کلام بھی ہوسکتا ہے۔ اسی طرح لڑکے والوں کے لئے ڈھولکی پر گائے جانے والے گیت بھی لکھے جائیں۔ (جو موجودہ لوک گیت اور فلمی گیتوں کا متبادل ہوں)

ایسے احباب وخواتین جن کو اللہ تعالیٰ نے شعر گوئی کا ملکہ عطا کیا ہے۔ ان سے التماس ہے کہ مجلس شوریٰ کی تجویز کے مطابق شعر کی کسی بھی صنف میں مذکورہ طرز کا کلام عنایت فرمائیں۔ ممنونیت کے جذبات سے سرشار نظارت اصلاح وارشاد آپ کے کلام کی منتظر ہے۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء

بطور نمونہ حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ کا تقریب رخصتانہ پر دعائیہ کلام شامل اشاعت ہے۔

خاکسار

سید محمود احمد

ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ

یہ راحت جاں نور نظر تیرے حوالے

مندرجہ ذیل چند اشعار میری بھتیجی عزیزہ امۃ النصیر سلمہا اللہ (جو سارہ بیگم مرحومہ کے بطن سے ہیں) کی رخصتی کے دن قدرتی دردمندانہ جذبات کے ماتحت کہے گئے جو ربوہ میں شادی کی محفل میں پڑھے گئے۔ (مبارکہ بیگم 29 جنوری 1952ء)

(1)

بزبان حضرت مصلح موعود

یہ راحتِ جاں نورِ نظر تیرے حوالے
یاربّ میرے گلشن کا شجر تیرے حوالے

اک روٹھنے والی کی امانت تھی میرے پاس
اب لختِ دل خستہ جگر تیرے حوالے

ظاہر میں اسے غیر کو میں سونپ رہا ہوں
کرتا ہوں حقیقت میں مگر تیرے حوالے

پہنے ہے یہ ایمان کا، اخلاق کا زیور
یہ لعل یہ الماس وگُہر تیرے حوالے

یہ شاخ قلم کرتا ہوں پیوند کی خاطر
اتنا تھا مرا کام "ثمر" تیرے حوالے

سنت تیرے مرسل کی ادا کرتا ہوں پیارے
دلبند کو سینہ سے جدا کرتا ہوں پیارے

(2)

بزبان عزیزہ امۃ النصیر بیگم

یہ نازشِ صد شمس وقمر تیرے حوالے
مولا میرا نایاب پدر تیرے حوالے

اس گھر میں پلی، بڑھ کے جواں ہو کے چلی میں
پیارے تیرے محبوب کا گھر تیرے حوالے

سب چھٹتے ہیں ماں باپ، بہن بھائی بھتیجے
یہ باغ یہ بوٹے یہ ثمر تیرے حوالے

گھر والے تو یاد آئیں گے یاد آئے گا گھر بھی
یہ صحن یہ دیوار یہ در تیرے حوالے

جب مجھ کو نہ پائیں گے تو گھبرائیں گے دونوں
یارب میری اُمّی کے پسر تیرے حوالے

مجبور ہوں مجبور ہوں منہ موڑ رہی ہوں
چھوڑا نہیں جاتا ہے مگر چھوڑ رہی ہوں

(الفضل 31 جنوری 1952ء صفحہ 2)

امام کا ہر لفظ ہمارا اوڑھنا، بچھونا ہو

حضرت مصلح موعود خطبہ جمعہ فرمودہ 24 جنوری 1936ء میں فرماتے ہیں:۔

''خلافت کے تو معنی ہی یہ ہیں کہ جس وقت خلیفہ کے منہ سے کوئی لفظ نکلے اس وقت سب سکیموں، سب تجویزوں اور سب تدبیروں کو پھینک کر رکھ دیا جائے اور سمجھ لیا جائے کہ اب وہی سکیم، وہی تجویز اور وہی تدبیر مفید ہے جس کا خلیفہ وقت کی طرف سے حکم ملا ہے ...... اگر خلافت کے کوئی معنے ہیں تو پھر خلیفہ ہی ایک ایسا وجود ہے جو ساری جماعت میں ہونا چاہئے اور اُس کے منہ سے جو لفظ نکلے وہی ساری جماعت کے خیالات اور افکار پر حاوی ہونا چاہئے، وہی اوڑھنا، وہی بچھونا ہونا چاہئے، وہی تمہارا ناک، کان، آنکھ اور زبان ہونا چاہئے۔''

(خطبات محمود جلد 17 صفحہ 74,75)

(مرسلہ ناظر صاحب اصلاح وارشاد مرکزیہ بسلسلہ تعمیل سفارشات شوریٰ 2009ء)

(بقیہ از صفحہ 1)

ملتان میں ان کی نماز جنازہ مورخہ 6 / اگست کو بعد نماز عشاء مکرم مظفر احمد خالد صاحب مربی ضلع ملتان نے پڑھائی۔ ان کی میت ربوہ اگلے دن مورخہ 7 / اگست کو صبح ساڑھے پانچ بجے پہنچی۔ دارالضیافت میں کثیر تعداد میں احباب جماعت نے اپنے مرحوم بھائی کا آخری دیدار کیا۔ بعد نماز جمعہ بیت مبارک میں محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی نے آپ کی نماز جنازہ پڑھائی۔ آپ خدا تعالیٰ کے فضل سے موصی تھے۔ آپ کی تدفین امانتاً قبرستان عام میں ہوئی۔ قبر تیار ہونے پر محترم صاحبزادہ صاحب موصوف نے ہی دعا کرائی۔

مکرم رانا عطاء الکریم صاحب ایگریکلچر میں ماسٹر تک تعلیم یافتہ تھے اور ملتان میں پولٹری فیڈز و پولٹری میڈیسنز کا کاروبار اپنے بھائی کے ساتھ کرتے تھے۔ جماعت کے ساتھ آپ کا اخلاص ووفا کا تعلق تھا۔ دس سال قبل ملتان شہر منتقل ہونے سے پہلے جمال والا کھاکھی میں صدر جماعت کے طور پر خدمت کرتے رہے تھے۔ آپ کے والد مکرم رانا کریم بخش صاحب (عمر 68 سال) اور والدہ مکرمہ حمیدہ بیگم صاحبہ (عمر 65 سال) بفضل اللہ تعالیٰ حیات ہیں اور جمال والا کھاکھی ضلع ملتان سے تعلق رکھتے ہیں۔ آپ کی اہلیہ مکرمہ رفیعہ رحمٰن صاحبہ (عمر 34 سال) بنت مکرم رانا غلام مرتضیٰ صاحب آف جمال والا کھاکھی ملتان کے علاوہ مندرجہ ذیل تین بچے مرحوم کے سوگواران میں شامل ہیں۔

1۔ عزیزم سارب احمد (عمر 9 سال)
2۔ عزیزہ ارش عطا (عمر ساڑھے تین سال)
3۔ عزیزہ کرن عطا (عمر اڑھائی سال)

اللہ تعالیٰ راہ مولیٰ میں قربان ہونے والے ہمارے اس بھائی کو کروٹ کروٹ جنت نصیب فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق بخشے۔ آمین

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم محمد طاہر ندیم صاحب عربک ڈیسک یو۔کے

بعض صلحائے عرب اور ابدال شام

(قسط سوم آخر)

مکرم رشدی باکیر بسطی صاحب

آپ کے بارہ میں مکرم طٰہٰ قزق صاحب صدر جماعت احمدیہ اردن فرماتے ہیں۔

آپ شام سے تھے اور حیفا میں ریل کے محکمہ میں ملازمت کرتے تھے۔ 1928ء میں جب مکرم مولانا جلال الدین صاحب شمس حیفا میں تشریف لائے اور دعوت احمدیت شروع کی تو لوگوں نے آپ پر کفر کے فتوے لگانے شروع کر دیئے، اور احمدیت کے خلاف من گھڑت اور جھوٹی باتیں پھیلانے لگے۔ لیکن مکرم رشدی البسطی صاحب آپ سے جا کر ملے اور کئی مجالس سوال و جواب کے بعد آپ پر سچائی روشن ہو گئی اور آپ نے بیعت کر لی۔ اس کے بعد آپ نے خاندانِ قزق کے دو افراد (میرے والد مکرم محمد قزق اور ان کے بھائی علی قزق) کو دعوت الی اللہ کی اور وہ بھی داخل احمدیت ہو گئے۔

مکرم محمد الشواء صاحب پلیڈر از شام لکھتے ہیں:

ایک دفعہ رشدی بسطی صاحب کو حیفا میں دو آدمیوں نے محض احمدی ہونے کی وجہ سے قتل کرنے کی کوشش کی۔ رات کا وقت تھا آپ کسی تاریک گلی میں سے گزر رہے تھے کہ کسی نے آپ پر گولی چلا دی۔ گولی آپ کو زخمی کئے بغیر قریب سے گزر گئی۔ لیکن آپ جلدی سے زمین پر گر گئے۔ ان ظالموں نے سمجھا کہ گولی نشانہ پر لگی ہے لہٰذا فرار سے قبل ایک نے دوسرے سے کہا کہ آؤ جاتے جاتے اس کی تلاشی لے کر نقدی اور قیمتی چیزیں بھی ساتھ لیتے جائیں۔ چنانچہ جب ایک نے ان کی جیب کی تلاشی لی تو اس میں سے قرآن کریم نکلا۔ چنانچہ سخت ندامت کی حالت میں اس نے اپنے ساتھی سے کہا کہ ہم نے اس شخص کے ساتھ کیا کیا۔ ہمیں ان کے بارہ میں کیا کہا گیا تھا اور یہ کیا نکلا۔

مکرم رشدی بسطی صاحب نے دو شادیاں کیں مگر اولاد کی نعمت سے محروم تھے۔ چنانچہ انہوں نے تیسری شادی کی جس کے بعد ڈاکٹروں نے یہی کہا کہ رشدی بسطی صاحب کے ہاں اولاد نہیں ہو سکتی۔ آپ نے حضرت خلیفہ ثانی کی خدمت میں دعا کے لئے لکھا۔ اور اس کے کچھ ہی عرصہ بعد ان کی ایک بیوی کے ہاں بچہ پیدا ہونے کی امید ہو گئی۔ آپ نے حضور کی خدمت میں دوبارہ دعا کے لئے لکھا اور ہونے والے بچہ کا نام رکھنے کی درخواست کی تو آپ نے صرف ایک ہی نام ارسال فرمایا جو بچی کا تھا۔ اور ایسا ہی ہوا کہ آپ کے ہاں بچی کی پیدائش ہوئی۔ پھر بفضل خدا آپ کے ہاں چار بچوں کی پیدائش ہوئی اور ہر دفعہ آپ حضور کی خدمت میں دعا اور نام رکھنے کے لئے خط لکھتے اور حضور ایک ہی نام عطا فرماتے اور اس کے مطابق ہی بچہ یا بچی کی پیدائش ہوتی۔ مکرم محمد الشوا صاحب فرماتے ہیں کہ یہ کرامت تو ہم نے اپنی آنکھوں سے دیکھی ہے۔

آپ اعلیٰ اخلاق کے مالک، پاکیزہ زبان استعمال کرنے والے اور نہایت پرجوش داعی الی اللہ تھے۔ آپ حیفا میں صدر جماعت بھی رہے اور وہاں سے 1948ء میں واپس آئے۔ آپ نے رسالہ البشریٰ میں متعدد مضامین بھی لکھے۔ آپ کی وفات ساٹھ کی دہائی میں ہوئی۔

مکرم الحاج محمد القزق صاحب

آپ مکرم طٰہٰ قزق صاحب صدر جماعت اردن کے والد صاحب تھے۔ آپ کے بارہ میں مکرم طٰہٰ قزق صاحب تحریر فرماتے ہیں کہ:

حضرت مولانا جلال الدین صاحب شمس جب حیفا تشریف لائے تو ان دنوں میرے والد ریل کے محکمے میں کام کرتے تھے۔ انہی دنوں اخباروں نے لکھنا شروع کیا کہ حیفا میں ایک منادی آئے ہیں اور ایسے عقائد کی طرف بلاتے ہیں جن کو لوگ نہیں جانتے۔ رشدی بسطی صاحب مولانا جلال الدین صاحب شمس سے ملنے گئے اور متعدد ملاقاتوں کے بعد بیعت کر لی۔ اس کے بعد میرے والد صاحب بھی ان سے ملنے گئے اور جب واپس آئے اور رات کو سوئے تو خواب میں ان کو آواز سنائی دی کہ: جلدی کرو، چنانچہ وہ اگلے دن ہی گئے اور بیعت کر لی۔

میرے والد صاحب دیسی جڑی بوٹیوں سے علاج معالجہ کیا کرتے تھے اور اس میں بڑے حاذق طبیب تھے۔ آپ کو مطالعہ کا بہت شوق تھا خصوصاً حضرت مسیح موعود کی کتب بڑی کثرت سے پڑھا کرتے تھے اور اکثر حضور کے عربی قصائد کے اشعار گنگناتے رہتے تھے۔

میرے والد صاحب کے بعد میرے چچا نے بیعت کی۔ وہ میرے والد صاحب کے ساتھ ہی ایک گھر میں رہتے تھے اور ایک بزرگ انسان تھے۔ انہوں نے خواب میں دیکھا تھا کہ ان کے گھر جلال الدین نامی شخص آیا ہے اور انہوں نے اس کے ہاتھ پر بیعت کر لی۔ چنانچہ جب میرے والد صاحب نے مولانا جلال الدین صاحب کو بیعت کے بعد اپنے گھر مدعو کیا تو میرے چچا نے بھی بیعت کر لی۔ ان کے بعد اہل کبابیر میں سے کافی احباب نے جماعت میں شمولیت اختیار کی۔ اس سے قبل وہ شاذلی فرقہ سے تعلق رکھتے تھے۔

میرے والد، الحاج محمد القزق صاحب کے دو چچیرے بھائی تھے ان میں سے ایک نہایت مخالف بن گیا۔ چنانچہ وہ بعض بدبختوں کو بھیج کر میرے والد صاحب پر گندے ٹماٹر اور مالٹے پھنکوایا کرتا تھا۔ جبکہ دوسرا آبادی سے دور پہاڑی علاقے میں رہتا تھا اور نہایت بہادر اور اثر و رسوخ والا آدمی تھا۔ ان دنوں وہاں پر ایک شخص نے جوش میں آ کر یہ اعلان کیا کہ احمدی کافر ہیں اور ان کا قتل جائز ہے۔ جب اس شخص نے یہ بات سنی تو فوراً کہا: احمدیوں کی طرف بڑھنے والا ہاتھ ان تک پہنچنے سے قبل کاٹ دیا جائے گا۔ میں احمدی نہیں ہوں لیکن ابھی جا کر اپنے احمدی ہونے کا اعلان کرتا ہوں اور جس میں ہمت ہے وہ میرے سامنے آ کے دکھائے۔ چنانچہ یہ اسی وقت ہمارے گھر آئے اور ہمیں ساری کہانی سنائی۔ یہ مخالف مولوی بعد میں انگریزوں کے خلاف بغاوت میں شریک ہوا اور اسی میں مارا گیا۔

ان کے بارہ میں مکرم رشدی بسطی صاحب نے لکھا:

الحاج محمد قزق متقی، صاف دل، نیک نیت، ذہین، باریک بین، شریف النفس، اور مشکلات و مصائب میں صابر انسان تھے۔ آپ کثرت سے تلاوت قرآن کریم، حفظ احادیث اور مطالعہ کتب مسیح موعود و مجلّہ البشریٰ وغیرہ کے پابند تھے۔ آپ میرے ساتھ بکثرت باہر کی بستیوں میں دعوت الی اللہ کے لئے جایا کرتے تھے اور متعدد مرتبہ کئی جہلاء کی طرف سے دھمکیوں وغیرہ کا سامنا بھی کرنا پڑتا تھا۔ ایک دفعہ آپ اپنے چچازاد بھائی حسن القزق کی روٹی بنانے کی دکان پر کام کر رہے تھے کہ دو نوجوان آئے اور آپ کو گالیاں دینے کے ساتھ کافر اور زندیق کے نام سے بھی پکارنے لگے، پھر انہوں نے اسی پر اکتفا نہ کیا بلکہ نہایت وحشیانہ طریق سے آپ کو مکّوں اور لاتوں سے مارنے لگے آپ بڑی عمر کے تھے اس لئے اپنا دفاع نہ کر سکے اور قریب تھا کہ بے ہوش ہو جائیں۔ ان کی یہ حالت دیکھ کر یہ دونوں نوجوان فرار ہو گئے۔

آپ کی ایک بہت بڑی خوبی یہ تھی کہ آپ بُرا سلوک کرنے والے سے بھی نیکی اور احسان کے ساتھ پیش آتے تھے۔ آپ نے فلسطین پر اسرائیلی تسلط کے بعد شام کی طرف ہجرت کی اور وہیں پر 1948ء میں وفات پائی اور دمشق میں مدفون ہوئے۔

شیخ علی صالح القزق (ابوخضر)

آپ مکرم طٰہٰ قزق صاحب صدر جماعت اردن کے چچا تھے۔ آپ کے بارہ میں مکرم طٰہٰ قزق صاحب لکھتے ہیں کہ آپ اہل کشف و رویا بزرگ تھے۔ آپ صوفی طریقہ کے پیروکاروں میں سے تھے۔ آپ نے رویا دیکھا جس سے یہی سمجھے کہ آپ کے گھر میں حضرت مسیح موعود تشریف لائیں گے اور آپ ان کی بیعت کریں گے۔

چنانچہ جب مولانا جلال الدین صاحب شمس آپ کے گھر تشریف لائے تو آپ نے یہ کہتے ہوئے بیعت کر لی کہ میں نے اسی شخص کو خواب میں دیکھا تھا۔ بعد ازاں آپ اپنے صوفی دوستوں کو بھی احمدیت میں داخل کرنے کا باعث بنے۔

آپ کا شمار کبابیر کے پہلے احمدیوں میں ہوتا ہے۔ آپ نے مربیان کرام کے ساتھ نہایت محبت وعقیدت اور تعاون کی مثالیں قائم کیں۔

آپ ایک نہایت درجہ غیور احمدی تھے۔ سلسلہ کی محبت ان کے رگ و ریشہ میں کوٹ کوٹ کر بھری تھی۔ خلیفہ وقت سے بہت عقیدت تھی۔ ہمیشہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی کامیابی کے لئے دعا کرتے تھے۔ جس دن ڈاک ہندوستان سے جاتی تو پہلی خبر یہ پوچھتے کہ حضور کی صحت کے متعلق کیا اطلاع ہے؟ نہایت زاہد اور متوکل انسان تھے۔ ریلوے کی ملازمت سے ریٹائر ہوئے۔ اس وقت ان کی انتہائی خواہش یہ تھی کہ قادیان ہجرت کر کے چلے جائیں۔

ان کے بارہ میں مولانا ابوالعطاء صاحب تحریر فرماتے ہیں:

جب میں 1936ء میں ہندوستان واپس آنے لگا تو رو کر کہنے لگے کہ وہ دن کب آئے گا جب ہم بھی دارالامان روانہ ہوں گے۔ انہیں جملہ مربیان وخادمان دین سے للّٰہی محبت تھی۔ میرے قیام فلسطین کے عرصہ میں روزانہ بلاناغہ تشریف لاتے اور جب کبھی نہ آئیں تو میں سمجھتا کہ بیمار ہوں گے۔ میں ان کے مکان پر پہنچتا۔ دوستی اور للّٰہی محبت کو آخر تک نبھانے والے بزرگ تھے۔ خط و کتابت کا سلسلہ برابر جاری رکھا۔ میری بعض مجبوریوں کے باعث انہیں بجا شکوہ تھا کہ آپ کی طرف سے خط دیر سے اور بہت کم آتے ہیں۔

شیخ علی القزق نے سلسلہ کی خدمت کی ہر تحریک میں حصہ لیا اور احمدیت کے نام کو بلند کرنے کے کسی موقعہ کو ہاتھ سے نہیں کھویا۔ مرحوم سن رسیدہ ہونے کے باوجود جفاکش اور شگفتہ دل تھے۔

شیخ علی مرحوم کو اللہ تعالیٰ نے دینی امور میں نہایت عمدہ فراست عطا فرمائی تھی اور جرأت اور دلیری سے دین کا پیغام پہنچانا ان کا مرغوب مشغلہ تھا۔ ان کے گھر سے کبابیر اڑھائی تین میل کے بلند پہاڑ پر واقع تھا۔ مگر جب مدرسہ احمدیہ وہاں قائم ہوا تو اپنے چھوٹے بچے عبدالوہاب کو وہاں داخل کیا اور خود اس کے ساتھ جاتے تھے۔ احمدیہ مطبع میں اپنے ہاتھ سے کام کرتے تھے۔ الشیخ علی القزق کے تینوں بیٹے نہایت مخلص اور سلسلہ کے خادم ہیں۔ ان کا گھر احمدیت کے لئے مرکز کی حیثیت رکھتا ہے۔ آپ نے ساٹھ سال کی عمر میں وفات پائی۔

مکرم ابراہیم علی القزق (ابوعلی)

آپ 1919ء میں حیفا میں مکرم شیخ علی صالح قزق صاحب کے گھر میں پیدا ہوئے۔ آپ تجارت کرتے تھے۔ 1948ء میں آپ نے کبابیر میں مستقل طور پر سکونت اختیار کر لی اور جماعت میں

سیکرٹری تحریک جدید ووقف جدید کے عہدہ پر مسلسل 30 سال تک کام کیا۔اسی طرح سیکرٹری وصیت کے طور پر بھی مکمل اخلاص کے ساتھ خدمات بجالائے۔ آپ مدرسہ احمدیہ میں بطور استاد بھی کئی سال تک کام کرتے رہے۔

آپ نے حج کیا اور اس کے بعد حضرت خلیفۃ المسیح الرابع سے ملاقات کے لئے لندن آنا چاہتے تھے لیکن دماغ کی کسی شریان میں بندش کے سبب ڈاکٹرز نے کہا کہ اب یہ چند منٹوں کے مہمان ہیں لیکن حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے ان کے لئے دعا کے خط کے جواب میں فرمایا کہ نہ صرف یہ صحت یاب ہو جائیں گے بلکہ جماعت کی صد سالہ جوبلی بھی دیکھیں گے۔ اور ایسا ہی ہوا چنانچہ آپ اس حادثہ کے بعد 14 سال تک زندہ رہے اور 26/مئی 2000ء میں وفات پائی۔

احمد آفندی حلمی صاحب

مکرم مصطفیٰ ثابت صاحب آپ کے بارہ میں لکھتے ہیں۔

احمد حلمی صاحب کی ولادت 1908ء میں ہوئی، وہ میرے پھوپھی زاد تھے۔ میں ان کے بارہ میں سنتا تھا کہ وہ اپنی ماں کے بہت لاڈلے ہیں شاید اس کی وجہ یہ تھی کہ ان کے والد اور بڑے بھائی یکے بعد دیگرے وفات پا گئے تھے۔اور وہ اپنی ماں کا واحد سہارا رہ گئے تھے۔لہٰذا وہ ان کی ہر فرمائش پوری کرتی تھیں۔یوں یہ نہایت ناز ونعم میں پل کر جوان ہوئے۔جوانی میں آپ اپنے ایک دوست کے گھر گئے جن کا نام محمود ذہنی صاحب تھا۔ وہاں انہوں نے میز پر اسلامی اصول کی فلاسفی کا عربی ترجمہ پڑا ہوا دیکھا۔آپ نے وہ کتاب اٹھا کر ورق گردانی کرنی شروع کر دی۔پہلی نظر میں ہی یہ کتاب آپ کے دل میں اتر گئی لہٰذا آپ نے اپنے دوست سے یہ کتاب عاریۃً مانگ لی۔اور اس وقت تک کتاب کو رکھ نہ سکے جب تک کہ اس کو پہلے صفحہ سے لیکر آخر تک مکمل پڑھ نہ لیا۔اور اس کتاب کے پڑھنے کے ساتھ ہی آپ نے حضرت مصلح موعود کی بیعت کا فیصلہ کر لیا۔

احمد آفندی حلمی صاحب جو جماعت احمدیہ مصر کے ابتدائی مخلص ارکان میں سے تھے اور احمدیت میں داخل ہونے کے بعد خلیفہ وقت کی زیارت کے لئے 5/اگست 1939ء کو قاہرہ سے قادیان تشریف لائے۔ یوں قادیان تشریف لانے والے آپ دوسرے مصری احمدی بن گئے۔آپ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی اور دوسرے بزرگان سلسلہ سے ملاقات کرنے اور مرکز احمدیت کے فیوض سے متمتع ہونے کے بعد 26/اگست 1939ء کو عازم مصر ہو گئے۔ احمد حلمی صاحب کا یہ سفر ان کے اندر ایک تغیر عظیم پیدا کرنے کا موجب ہوا اور وہ جماعتی کاموں میں پہلے سے بھی زیادہ دلچسپی لینے لگے۔ان کی والدہ ایک اعلیٰ پایہ کی تعلیم یافتہ خاتون تھیں اور ہمیشہ احمدی مربیان کے ساتھ بحث ومباحثہ کرتی رہتی تھیں۔مگر اب صرف ان کے اندر غیر معمولی تبدیلی دیکھ کر کسی بحث ومباحثہ کے بغیر از خود داخل احمدیت ہو گئیں۔

(تاریخ احمدیت جلد 7 صفحہ 746)

ان کی والدہ کی بیعت کا واقعہ مکرم مصطفیٰ ثابت صاحب یوں بیان کرتے ہیں۔

جب آپ قادیان سے واپس مصر آرہے تھے تو عدن کی بندرگاہ سے آپ نے اپنی والدہ کو بحری جہاز کے نام اور اس کے مصر پہنچنے کے وقت سے بذریعہ تار آگاہ کر دیا، ایک دو دن بعد ریڈیو پر یہ خبر نشر ہوئی کہ جرمنی کی بحری افواج نے اس بحری جہاز کو غرق کر دیا ہے جس کے بارہ میں مکرم احمد حلمی صاحب نے تار دیا تھا کہ وہ اس میں مصر آرہے ہیں۔ یہ خبر آپ کی والدہ کے اعصاب پر بجلی بن کر گری، اور گہرے صدمہ کا باعث بنی۔وہ فوراً سجدہ میں گر گئیں اور اللہ تعالیٰ کے حضور رو رو کر دعا کرنے لگیں کہ اے خدا تو ہر چیز پر قادر ہے۔تو جانتا ہے کہ میرے پاس میرے بیٹے احمد کے سوا کوئی اولاد نہیں ہے۔اور وہ ایک ایسے شخص کو ملنے گیا تھا جو کہتا ہے کہ مَیں امام مہدی کا خلیفہ ہوں۔مَیں نہیں جانتی کہ وہ حقیقت میں امام مہدی ہے بھی یا نہیں، لیکن تُو حق اور سچ کو اچھی طرح جانتا ہے۔پس اگر وہ سچے امام مہدی ہیں تو میرے بچے کو مجھ تک بخیر وعافیت پہنچا دے۔وہ کہتی ہیں کہ وہ کئی دن تک مسلسل یہ دعا کرتی رہیں یہاں تک کہ ایک دن ان کا بیٹا واپس آگیا۔اور انہوں نے آکر بتایا کہ جس جہاز پر آنے کے بارہ میں انہوں نے تار میں بتایا تھا اس پر سوار نہیں ہو سکے جس کی وجہ سے انہیں کئی دن تک عدن رک کر اگلے جہاز کا انتظار کرنا پڑا۔اور انہیں اس بات کا علم نہ تھا کہ پہلے والا جہاز تباہ ہو چکا ہے۔

مکرم مصطفیٰ ثابت صاحب کہتے ہیں کہ یہ واقعہ میں نے اپنی پھوپھی سے خود سنا ہے۔اس واقعہ کا میری پھوپھی کے دل پر گہرا اثر ہوا اور ان کے قبول احمدیت کا سبب بنا۔

احمد حلمی صاحب نے رسالہ البشریٰ میں متعدد مضامین تحریر فرمائے نیز حضرت صاحبزادہ مرزا ناصر احمد صاحب اور مرزا مبارک احمد صاحب کے قیام مصر کے دوران بھی آپ استقبال وضیافت میں پیش پیش تھے۔

شیخ سلیم محمد الربانی

آپ 1904ء میں پیدا ہوئے اور 1927ء میں بیعت کر کے جماعت میں شمولیت اختیار کی۔

آپ حیفا کے جنوب میں واقع ''طیرہ'' نامی ایک گاؤں کے باشندہ تھے جو کہ اس عرصہ میں ایام جاہلیت کا نمونہ تھا۔اور تمام فلسطین میں بلحاظ چوری ڈکیتی اور آپس میں لڑائیوں جھگڑوں کے لئے بدنام تھا۔ احمدیت قبول کرنے کے بعد جب بستی کے لوگوں نے آپ کی سخت مخالفت کی تو انہوں نے نہایت صبر و استقلال سے ان کی مخالفت کا مقابلہ کیا۔اور دیوانہ وار دعوت الی اللہ میں مصروف رہے۔ ان کے وہاں کئی مباحثے ہوئے ایک مباحثہ میں تقریباً تین سو کی حاضری تھی اور بالمقابل ازہر کا تعلیم یافتہ شیخ تھا۔دوران مناظرہ ایک شخص نے آپ کی گردن پر چپت لگائی۔ ان کے رشتہ داروں نے فوراً اس مارنے والے سے بدلہ لینا چاہا لیکن آپ نے روک دیا۔اور کہا کہ مَیں چاہوں تو اس سے خود بدلہ لے سکتا ہوں۔مگر اس وقت صرف یہی کہتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اسے معاف فرمائے۔ آپ جماعت میں بطور سیکرٹری تعلیم وتربیت بھی کام کرتے رہے۔

(ماخوذ از رپورٹ مجلس مشاورت 1929ء صفحہ 179)

شیخ سلیم الربانی صاحب نے مچھلیوں کا شکار سیکھنا شروع کیا۔اس دوران انہوں نے وہاں کے مچھیروں کو بھی دعوت الی اللہ کرنی شروع کر دی۔ابھی ان کو اس کام میں ایک ماہ ہی ہوا تھا کہ ایک روز چند شکاریوں نے جنہیں وہ دعوت الی اللہ کیا کرتے تھے ان سے کہا: اگر تم واقعی حق پر ہو تو فلاں شکاری سے مقابلہ کے لئے نکلو پھر جس کے جال میں پہلے مچھلی آئے گی وہ حق پر ہوگا۔وہ شکاری دس جالوں سے شکار کرتا تھا اور نہایت ماہر مچھیرا مانا جاتا تھا۔شیخ صاحب نے کہا کہ مَیں اس مقابلہ کو اس شرط کے ساتھ قبول کرتا ہوں کہ پہلے سمندر کے کنارے وضو کر کے دو رکعت نماز پڑھیں اور اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ وہ حق ظاہر کر دے پھر جال پھینکیں گے۔انہوں نے یہ شرط مان لی۔کیونکہ وہ یہ خیال کر رہے تھے کہ یہ تو ابھی سیکھتا ہے کیا مقابلہ کر سکے گا۔چنانچہ دو رکعت نماز کے بعد دونوں نے متعدد بار جال پھینکے آخر پہلے مچھلی شیخ سلیم صاحب کے جال میں آئی۔انہوں نے فوراً خدا تعالیٰ کے آگے سجدہ شکر ادا کیا۔اس موقعہ پر دو مچھیروں نے تصدیق کی اور جماعت میں شامل ہو گئے اور یہ بات پورے گاؤں میں مشہور ہوگئی۔

(ماخوذ از الفضل 26/مارچ 1929ء)

مکرم الحاج عبد القادر عودہ

(ابو صالح)

آپ نہایت صالح، سادہ اور نیک ومخلص احمدی تھے۔آپ نے اپنے بھائی الحاج شیخ محمد عودہ کے ساتھ مل کر بیت سیدنا محمود کی تعمیر کے لئے زمین دی جہاں دیار عربیہ میں پہلی بیت تعمیر ہوئی۔

آپ نے 111 سال عمر پائی جو کہ نیکی، عبادت، اور اعمال صالحہ میں گزری۔آپ نے حضرت خلیفہ ثانی کی خدمت میں لکھا کہ آپ مجھے اپنے ہاتھ سے لکھ کر دے دیں کہ مَیں احمدی ہوں تا کہ خدا کے حضور حاضری پر میں یہ شہادت پیش کر سکوں۔آپ اس طرح کی سادہ اور پاکیزہ فطرت کے مالک تھے۔نمازوں کی اسقدر پابندی کرتے تھے کہ آخری عمر میں جب چل کے بیت آنا مشکل ہو گیا تو آپ اپنے گدھے پر سوار ہو کر نماز باجماعت کے لئے بیت میں آتے رہے۔آپ الحاج صالح عبد القادر عودہ اور الحاج احمد عبد القادر عودہ کے والد تھے۔

الحاج صالح عبد القادر عودہ

آپ الحاج عبد القادر عودہ کے بیٹے تھے۔آپ 1878ء میں کبابیر میں پیدا ہوئے۔آپ کا شمار فلسطین کے شاذلی فرقہ کے بڑے صوفیوں میں ہوتا تھا۔آپ کی خاندانِ قزق سے کافی تعلق داری اور اچھے روابط تھے۔جب مولانا جلال الدین شمس صاحب کے ذریعہ خاندانِ قزق کے کئی افراد احمدیت کی آغوش میں آگئے تو مولانا شمس صاحب نے خاندان عودہ کو بھی امام مہدی کی آمد کی خوشخبری دی۔اس کے بعد مولانا شمس صاحب قاہرہ تشریف لے گئے اور جب واپس آئے تو خاندان عودہ کے کئی افراد کو بیعت کر کے احمدیت میں شامل ہونے کے لئے منتظر پایا۔

یہاں یہ بات ذکر کرنا دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ جب بیعت کرنے لگے تو پتہ چلا کہ آپ کے بڑے بیٹے (عبد القادر) ایک سال قبل ہی حیفا میں اپنے بعض شامی دوستوں کے ساتھ بیعت کر کے احمدیت میں داخل ہو چکے تھے لیکن یہ بات انہوں نے اپنے والد اور دیگر بھائیوں سے پوشیدہ رکھی تھی۔

الحاج صالح اور آپ کے خاندان اور رشتہ داروں کی بیعت سے احمدیت کے شجر کی اس علاقے میں جڑیں مضبوط ہو گئیں۔اور کبابیر دیار عربیہ میں ایک بڑے مرکز کی حیثیت سے ابھر کر سامنے آگیا۔اس خاندان کو احمدیت سے ہٹانے کی بھرپور کوششیں کی گئیں لیکن سب کا انجام ناکامی ہوا۔

آپ کو کبابیر جماعت کے پہلے صدر ہونے کا بھی اعزاز حاصل ہے۔آپ اس عہدے پر اپنی وفات تک فائز رہے۔آپ نے 3/فروری 1950ء میں اس جہان فانی سے کوچ فرمایا۔

حضرت مصلح موعود نے ان کے فرزند محمد الحاج صالح کو حسب ذیل تعزیت نامہ ارسال فرمایا:۔

ہر شخص خواہ وہ کتنی ہی لمبی عمر پالے۔ایک روز موت کا شکار ہونے والا ہے

آپ کے والد مرحوم جیسا کہ مجھے پتہ چلا ہے کبابیر کے پہلے شخص ہیں جو جماعت احمدیہ میں داخل ہوئے۔ وہ اپنے اہل وطن احباب میں دعوت حقہ کی اشاعت کا فریضہ بڑی کوشش، بشاشت اور اخلاص سے بجالانے میں ایک نمونہ تھے۔اللہ تعالیٰ انہیں ان کے اخلاص ومحبت کی بہترین جزا دے۔

میں دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ انہیں اپنی بے پایاں رحمت سے ڈھانپ لے۔انہیں اپنی وسیع جنتوں میں جگہ دے اور دار النعیم میں ان کا اجر وثواب فراواں کرے۔اور آپ کے اور آپ کے بھائیوں اور دیگر رشتہ داروں کے دل پر اپنی طرف سے صبر جمیل نازل

(باقی صفحہ 6 پر)

مکرم مرزا عطاء الرؤف صاحب

حضرت رسول کریم ﷺ امن و آشتی کے پیکر

میثاق مدینہ

رسولؐ اللہ نے یہود کے ساتھ ایک معاہدہ طے فرمایا جو باضابطہ تحریر میں لایا گیا یہ معاہدہ ''میثاق مدینہ'' کہلاتا ہے۔اس کی موٹی موٹی شرائط درج ذیل تھیں۔ جو رواداری کا بہترین نمونہ ہیں اور آج بھی مخلوط معاشرہ میں بہترین مساوات کا درس مہیا کرتی ہیں۔ آپؐ نے یہ اعلان فرمایا۔

(1) مسلمان اور یہودی آپس میں ہمدردی اور اخلاص کے ساتھ رہیں گے اور ایک دوسرے کے خلاف زیادتی یا ظلم سے کام نہیں لیں گے۔

(2) ہر قوم کو مذہبی آزادی حاصل ہوگی۔

(3) تمام باشندگان کی جانیں اور اموال محفوظ ہوں گے اور ان کا احترام کیا جائے گا سوائے اس کے کہ کوئی شخص ظلم یا جرم کا مرتکب ہو۔

(4) ہر قسم کے اختلاف اور تنازعات رسول اللہ کے سامنے فیصلہ کے لئے پیش ہوں گے اور ہر فیصلہ خدائی حکم (یعنی ہر قوم کی اپنی شریعت) کے مطابق کیا جائے گا)

(5) کوئی فریق بغیر اجازت رسولؐ اللہ جنگ کے لئے نہیں نکلے گا۔

(6) اگر یہود یا مسلمانوں کے خلاف کوئی قوم جنگ کرے گی تو وہ ایک دوسرے کی امداد میں کھڑے ہوں گے۔

(7) اسی طرح اگر مدینہ پر کوئی حملہ ہوگا تو سب مل کر اس کا مقابلہ کریں گے۔

(8) قریش مکہ اور ان کے معاونین کو یہود کی طرف سے کسی قسم کی امداد یا پناہ نہیں دی جائے گی۔

(9) ہر قوم اپنے اپنے اخراجات خود برداشت کرے گی۔

(10) اس معاہدہ کی رُو سے کوئی ظالم یا آثم یا مفسد اس بات سے محفوظ نہیں ہوگا کہ اُسے سزا دی جاوے یا اُس سے انتقام لیا جاوے۔

(سیرت ابن ہشام جلد 1 صفحہ 179-178۔ سیرت خاتم النبیینؐ از حضرت مرزا بشیر احمد صاحب ایم۔اے صفحہ 279)

رسول کریمؐ آغاز سے ہی مخلوق خدا سے محبت رکھتے اور لوگوں کی ضرورتیں پوری کر کے خوشی محسوس کرتے تھے۔مکی دور میں بعثت سے قبل آپ ﷺ معاہدہ حلف الفضول میں شریک ہوئے تھے جس کا بنیادی مقصد مظلوموں کی امداد تھا۔آپ ﷺ فرماتے تھے کہ اس معاہدہ میں شرکت کی خوشی مجھے اونٹوں کی دولت سے بڑھ کر ہے اور اسلام کے بعد بھی مجھے اس معاہدہ کا واسطہ دے کر مدد کے لئے بلایا جائے تو میں ضرور مدد کروں گا۔

(السیرۃ النبویہ لابن ھشام جز 1 ص 142-141 مصطفیٰ البابی الحلبی)

عام تعلقات میں تمیز رکھنے کی تلقین

جہاں آپ نے حسن سلوک کا درس دیا وہاں آپ نے اس پہلو کی طرف بھی توجہ دی کہ کس طرح لوگوں سے بات کرنی ہے اور ان سے سلوک کرنا ہے کیونکہ اگر کلام میں نرمی ہو اور مناسب انداز اور سلیقہ سے کلام کیا جائے اور سلوک روا رکھا جائے تو مشکل سے مشکل وقت میں بھی لڑائی جھگڑے کی نوبت نہیں آتی اور صلح صفائی سے وہ معاملات طے ہو جاتے ہیں۔ چنانچہ آپ فرماتے ہیں:۔

آپس کے معاملات میں لوگوں کے معروف مرتبوں کا خیال رکھا کرو اور ان کے حالات اور درجہ کے مطابق ان کے ساتھ معاملہ کیا کرو۔

(ابوداؤد کتاب الادب)

اسی طرح فرمایا:۔

یعنی اپنے رئیس کے اکرام اور احترام کے لئے کھڑے ہو جاؤ۔

(بخاری ابواب المناقب)

پھر اسی اصول پر عمل کرتے ہوئے آپ ﷺ نے بھی ان لوگوں کو جو سردار تھے یا کسی سردار کے بیٹے تھے معاف فرمانے کے ساتھ ساتھ ان کی دلداری کے لئے ایسے اعمال کئے جس سے ان کی دل شکنی نہ ہو۔اس کی دو مثالیں درج ذیل ہیں:۔

(1) ابوسفیان کا گھر

فتح مکہ کے بعد آپ ﷺ نے نہ صرف ابوسفیان کو معاف فرما دیا بلکہ اس کو یہ اعزاز بھی بخشا کہ فرمایا جو کوئی اس کے گھر میں داخل ہوگا اس کو پناہ دی جائے گی اور یہ ایسا اعلیٰ اور اپنی ذات میں ایک ایسا منفرد سلوک تھا جس کی کوئی مثال نہیں ملتی۔

(تفسیر در منثور۔ سورۃ یوسف)

(2) دشمن اسلام کے بیٹے سے عفو

دشمن اسلام کا بیٹا اور مشرکین مکہ کا سردار عکرمہ بھی تھا جس نے ساری عمر اسلام کی مخالفت کی۔حدیبیہ کے مقام پر مسلمانوں کو عمرہ کرنے سے روکا اور باوجود فتح مکہ پر اعلانِ معافی عام کے اس نے ہتھیار نہ ڈالے اور اپنے ساتھیوں کے ساتھ حضرت خالد بن ولید کے دستے پر حملہ کر کے حرم میں خونریزی کا موجب بنا۔پھر وہ ڈر کی وجہ سے بھاگ گیا۔اس کی بیوی نے رسول کریم ﷺ سے معافی مانگی اور امان چاہی۔آپ ﷺ نے اسے معاف فرما دیا اور امان نامہ عطا فرمایا۔ وہ اپنے شوہر کو تلاش کر کے واپس لے آئی تو وہ یعنی عکرمہ رسول کریم ﷺ کے دربار میں حاضر ہوا اور معافی مانگی تو امن کے پیامبر ﷺ نے اسے بھی معاف فرما دیا۔

(السیرۃ الحلبیہ جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 92 دار احیاء التراث العربی بیروت)

صلح کی کوششیں

کہیں لڑائی ہو جاتی تو آپ فوراً صلح کروانے کے لئے تشریف لے جاتے چنانچہ حضرت ابوعباس سہلؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کو یہ بات پہنچی کہ بنی عمرو بن عوف میں کوئی جھگڑا ہو گیا ہے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ساتھیوں کے ساتھ ان کی صلح کروانے کے لئے تشریف لے گئے۔

(بخاری کتاب الاذان۔باب ماذخل لیؤم الناس فجاء الامام)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کسی مسلمان کے لئے یہ جائز نہیں ہے کہ وہ اپنے بھائی سے تین دن سے زیادہ قطع تعلقی کرے۔یعنی بول چال بند رکھے۔

(بخاری کتاب الادب)

ایک روایت میں آتا ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کے نزدیک لوگوں میں سب سے زیادہ ناپسندیدہ وہ شخص ہے جو سب سے زیادہ جھگڑالو ہو۔

(بخاری کتاب الادب)

غیر مذہب والوں کا خیال

آپؐ غیر مذہب والوں کی عزت کا خیال رکھا کرتے تھے اور ان کے جذبات کا خیال رکھا کرتے تھے کیونکہ آپؐ جانتے تھے کہ دنیا میں بدامنی کی ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ لوگ دوسروں کی مقدسات کا خیال نہیں رکھتے۔چند ایک واقعات درج ذیل ہیں۔

ایک مرتبہ ایک یہودی نے برسر بازار کہا ''قسم ہے اس ذات کی جس نے موسیٰ کو تمام انبیاء پر فضیلت دی''۔ایک صحابی کھڑے یہ سن رہے تھے ان سے رہا نہ گیا انہوں نے پوچھا ''کیا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر بھی''؟ اس نے کہا ''ہاں'' انہوں نے غصہ کے اظہار کے طور پر ایک تھپڑ مار دیا، آنحضرتؐ کے عدل اور اخلاق پر دشمنوں کو بھی اس درجہ اعتبار تھا کہ وہ یہودی سیدھا آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوا اور واقعہ عرض کیا آپؐ نے ان صحابی پر ناراضگی ظاہر فرمائی اور کہا کہ مجھے موسیٰ پر فضیلت مت دو۔

(صحیح بخاری کتاب التفسیر سورۃ الاعراف)

جنازہ کا احترام

آپؐ دوسرے مذہب والوں کے حقوق کا بھی خیال رکھا کرتے تھے۔حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ ''ایک بار ایسا ہوا کہ ایک یہودی کا جنازہ ہمارے سامنے سے گزرا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس کو دیکھ کر کھڑے ہو گئے ہم بھی کھڑے ہو گئے اور ہم نے کہا یا رسولؐ اللہ یہ یہودی کا جنازہ ہے آپؐ نے فرمایا جب تم جنازہ دیکھو تو کھڑے ہو جایا کرو۔ایک روایت میں ہے کہ آخر یہ بھی تو انسان ہے اور احترام آدمیت کا تقاضا ہے کہ جنازہ کو دیکھ کر کھڑے ہو جانا چاہئے''۔

(صحیح بخاری کتاب الجنائز باب من قَامَ لِجَنَازَۃِ یَھُودِیَ)

مسجد میں نماز کی اجازت

ایک دفعہ نصاریٰ کا ایک وفد جب نجران سے مدینہ حاضر ہوا تو آپ نے اُن کی مہمان نوازی کی۔ مسجد نبوی میں ان کو جگہ دی بلکہ ان کو اپنے طریق پر مسجد میں عبادت کی اجازت دے دی اور جب عام مسلمانوں نے ان کو اس کام سے روکنا چاہا تو آپؐ نے منع فرمایا کہ ایسا مت کرو۔ چنانچہ انہوں نے اسی جگہ بیت المقدس کی طرف منہ کر کے اپنے طریق کے مطابق عبادت کر لی۔

(سیرت النبیؐ از علامہ شبلی نعمانی جلد سوم صفحہ 371)

(اسباب النزول صفحہ نمبر 53)

یہود کی مذہبی کتابیں ان کو واپس کردو

فتح خیبر کے دوران تورات کے بعض نسخے بھی مسلمانوں کو ملے۔ یہودی آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے کہ ہماری کتاب مقدس ہمیں واپس کی جائے اور رسول کریم ﷺ نے صحابہ کو حکم دیا کہ یہود کی مذہبی کتابیں ان کو واپس کردو۔ مذہبی رواداری کی یہ کتنی عظیم الشان مثال ہے۔

(السیرۃ الحلبیہ جلد 3 صفحہ نمبر 49)

بڑھیا نے سچ کہا ہے

آپ ﷺ کسی مدد یا خدمت خلق کا کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہ دیتے تھے اور ہر ایک مظلومیت کا حال سن کر بے چین ہو جاتے تھے۔

مہاجرین حبشہ جب مدینہ واپس لوٹے تو نبی کریم ﷺ نے ان سے دریافت فرمایا کہ ملک حبشہ میں تم نے کیا کچھ دیکھا۔وہاں کی کوئی دلچسپ بات تو سناؤ۔ ایک نوجوان نے یہ قصہ سنایا کہ ایک دفعہ ہم حبشہ میں بیٹھے تھے۔ایک بڑھیا کا ہمارے پاس سے گزر ہوا۔ اس کے سر پر پانی کا ایک مٹکا تھا۔وہ ایک بچے کے پاس سے گزری تو اس نے اسے دھکا دیا اور وہ گھٹنوں کے بل آگری۔مٹکا ٹوٹ گیا۔بڑھیا اٹھی اور اُس بچے کو کہنے لگی اے دھوکے باز بدبخت! تجھے جلد اپنے کئے کا انجام معلوم ہو جائے گا جب اللہ تعالیٰ اپنی کرسی پر جلوہ افروز ہوگا اور فیصلہ کے دن پہلوں اور پچھلوں

سب کو جمع کرے گا۔ ہاتھ اور پاؤں جو کچھ کرتے تھے خود گواہی دیں گے۔ تب تمہیں میرے اور اپنے معاملے کا صحیح علم ہوگا۔ رسول اللہ ﷺ نے جوشِ ہمدردی سے فرمایا اس بڑھیا نے سچ کہا اللہ تعالیٰ اس قوم کو کیسے برکت بخشے اور پاک کرے گا جس کے کمزوروں کو طاقتوروں سے اُن کے حق دلائے نہیں جاتے۔

(سنن ابن ماجہ کتاب الفتن باب المر بالمعروف والنھی عن المنکر)

حقوق کا تحفظ

4ھ میں رسول اللہ ﷺ نے سینٹ کیتھرائن متصل کوہ سینا کے راہبوں اور عیسائیوں کو پوری آزادی دی اور وسیع حقوق بھی عطا فرمائے۔ رسول اللہ ﷺ نے اس مشہور معاہدے میں یہ بھی لکھا کہ اگر عیسائیوں کو گرجاؤں اور صوامع کی تعمیر کے میں یا اپنے کسی مذہبی امر میں مدد کی ضرورت ہو تو مسلمانوں کو ہر طرح ان کی اعانت کرنا چاہیے۔

اس معاہدہ کا ذکر کرتے ہوئے ایک مشہور مستشرق لکھتا ہے کہ:۔

”یہ شرائط ہیں اس سند کی جو پیغمبر اسلام نے عیسائیوں کو عطا کی تھی۔ یہ ایک نہایت.........اور عظیم الشان پروانہ آزادی اور دنیا کی تاریخ میں اعلیٰ درجہ کی مساوات اور حقوق کی ایک شریفانہ اور قابل وقعت یادگار ہے۔“

(جنگ روس وروم کاسل۔ ایڈمنڈ اولی جلد اول ص176 بحوالہ روزنامہ الفضل 24 نومبر 2001ء)

انسانی حقوق کی پاسداری

اسی طرح رسول کریم ﷺ حقوق کی پاسداری بھی کیا کرتے تھے کیونکہ یہ بات بھی واضح ہے کہ جب حقوق کی پاسداری نہ ہو رہی ہو تو امن کہاں رہتا ہے کیونکہ ہر کوئی اپنے حقوق کو حاصل کرنے کے لئے پھر غیر قانونی طریق بھی استعمال کرتے ہیں جو کہ بدامنی کا باعث بنتا ہے۔ لہٰذا آپؐ نے قیام امن کا کیا ہی اعلیٰ اور عمدہ نمونہ ہمارے سامنے رکھا تا ہم بھی اس دور میں قیام امن کے لئے اس طریقہ کو استعمال کریں۔ چنانچہ انسانی حقوق کی پاسداری قیام امن کا ایک اہم ذریعہ ہے۔

غلہ کی ترسیل جاری کروادی

مکہ والوں کو غلے کا ایک حصہ یمامہ سے جایا کرتا تھا۔ جب یمامہ کے سردار ثمامہ بن اثالؓ نے اسلام قبول کیا تو انہوں نے غلہ کو رکوا دیا اور کہا رسولؐ اللہ کی اجازت کے بغیر ایک دانہ بھی مکہ نہیں جائے گا۔ اہل مکہ نے رسولؐ اللہ کی خدمت میں خط لکھا کہ ہمارے بڑے تو قتل ہوگئے اور باقی بھوک سے مر رہے ہیں۔ چنانچہ رسولؐ اللہ نے ثمامہ کو خط لکھا کہ غلے کی ترسیل جاری کر دے۔

(صحیح بخاری کتاب المغازی باب وفد بنی ضیفة حدیث نمبر 4024)

گوشت گرادو

خیبر کی جنگ کے دوران آنحضرتؐ کو معلوم ہوا کہ بعض لوگوں نے مال غنیمت کی تقسیم سے قبل خیبر کے کچھ جانور پکڑ کر ذبح کر لئے ہیں اور ان کا گوشت پک رہا ہے۔ آپ نے فوراً وہ ہانڈیاں توڑ دینے اور گوشت گرانے کا حکم دیا۔ (بخاری کتاب المغازی غزوہ بدر)

بلا اجازت کسی کا مال مت کھاؤ

فتح خیبر کے بعد کسی یہودی نے رسول کریم ﷺ کے پاس حاضر ہو کر مسلمانوں کی شکایت کی کہ مسلمان ان کے مال کھا رہے ہیں جس پر رسول کریم ﷺ نے مسلمانوں کو نماز کے بعد فرمایا کہ بعض لوگ خیال کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں جو کچھ حرام کر دیا ہے اس کے علاوہ اور کچھ حرام نہیں مگر یاد رکھو کہ اس کے علاوہ بھی اوامر اور نواہی مجھے دیئے گئے ہیں۔ سنو اللہ تعالیٰ تمہیں بلا اجازت اہل کتاب کے گھروں میں داخل ہونے کی اجازت نہیں دیتا جبکہ وہ اپنا حق ادا کر رہے ہوں۔

(السیرۃ الحمدیہ صفحہ نمبر 328)

بکریوں کا منہ قلعہ کی طرف کر کے ہانک دو

ایک دفعہ ایک حبشی غلام ایک یہودی رئیس کی بکریاں چرا رہا تھا۔ وہ شہر کی طرف آنکلا اور مسلمانوں کے ایک لشکر کو دیکھا۔ رسول کریم ﷺ نے اس کو اسلام کی دعوت دی تو اس نے کہا کہ اگر میں مسلمان ہو جاؤں تو مجھے کیا ملے گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ جنت۔ بشرطیکہ تم اس پر مضبوطی سے قائم ہو جاؤ۔ اس پر وہ مسلمان ہو گیا۔ پھر اس نے عرض کی یا رسول اللہ میں تو مسلمان ہو گیا ہوں اور یہ بکریاں میرے پاس ایک یہودی رئیس کی ہیں۔ اب اس موقعہ پر رسول اللہ ﷺ کا جواب نہایت ہی عمدہ تھا حالانکہ آپ ﷺ یہ جانتے تھے کہ وہ بکریاں ان کے کئی دن کی خوراک ہو سکتی ہیں۔ مگر اس کے باوجود آپ ﷺ نے جواب دیا کہ بکریوں کا منہ قلعہ کی طرف کر کے ہانک دو۔ خدا تعالیٰ ان کو ان کے مالک کے پاس پہنچا دے گا۔ چنانچہ غلام نے ایسا ہی کیا اور بکریاں قلعے کے پاس پہنچ گئیں جہاں قلعے والوں نے ان کو اندر داخل کر لیا۔

(سیرت ابن ہشام جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 358)

ان تمام ارشادات اور واقعات سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ آپؐ کے اقوال و افعال امن کی تعلیم پر مبنی تھے لہٰذا یہ بات روز روشن کی طرح واضح ہوتی ہے کہ آپؐ ہی حقیقی رنگ میں امن و آشتی کے پیکر تھے اور دین حق محض اور محض امن کی تعلیم دیتا ہے اور دنیا میں امن کو چاہتا ہے۔

بقیہ صفحہ 4 صلحائے عرب اور ابدال

فرمائے اور آپ کو اپنے نیک پیش رو کے نیک جانشین بننے کی توفیق عطا فرمائے۔ ...... کبابیر کے تمام بھائیوں کو میرا اسلام پہنچا دیں اور میری یہ وصیت بھی کہ وہ اپنے سے بعد میں آنے والوں کے لئے نیک نمونہ اور اعلیٰ مثال بنیں۔

والسلام علیکم

میرزا محمود احمد

(خلیفہ ثانی حضرت مسیح موعود)

یہاں ایک وضاحت کرتے جاتے ہیں کہ آپ کبابیر کے مبائعین میں دوسرے نمبر پر تھے۔ آپ سے قبل آپ کے فرزند اکبر السید عبدالقادر صالح العودہ احمدی ہوئے یوں آپ کے بیٹے کو اول المبائعین ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔

مکرم شیخ احمد الفرقانی العراقی صاحب

